ملٹی میڈیا ایڈیٹوریل اِفس کو فعال کیا گیا ہے اور ورچوئل اسپیس کی مختلف فارمیٹس کا استعمال کرتے ہوئے پروڈکشن کی جاتی ہے۔

ان پراڈکٹس کی نشر و اشاعت کے لئے حرم امام رضا علیہ السلام کے اِفیشل پیجز کے علاوہ ایک وسیع نیٹ ورک بھی بنایا گیا ہے ،میڈیا مرکز سے منسلک اہم ترین میں ذرائع ابلاغ،حرمِ امام رضا(ع) کے دیگر پیجز،ورچوئل اسپیس میں فعال اِفیشل اور غیر اِفیشل اکٹیو میڈیا کا نیٹ ورک، میڈیا خدمت گزاروں کا نیٹ ورک، انقلابی اداروں کے نشریاتی نیٹ ورکس اور امام رضا علیہ السلام کے چاہنے والوں کے پیجز اور نیٹ ورکس شامل ہیں۔

مختلف مہمات کا نفاذ جیسے امام رضا(ع) کی زیارت سے مخصوص دن بدھ کی مناسبت سے امام رضائی بدھ مہم کا انعقاد،سب امام رضا(ع) کے خادم ہیں،اِرام جان ہا،پای اور اس طرح کی کئی دیگر مہمات کا ورچوئل اسپیس پر انعقاد کیا جاتا ہے۔

حرم امام رضا(ع) کا جامع پورٹل جو کہ اس نورانی بارگاہ کی سرگرمیوں کا مرکز ہے اور ورچوئل اسپیس کے ذریعہ ویب سائٹ اور ایپلیکیشنِ رضوان اور نسیم پر کام کر رہا ہے۔

## «میڈیا اسٹریمنگ»

حرم امام رضا(ع) کا کمیونیکیشن اینڈ میڈیا سینٹر نہ صرف رضوی میڈیا پروڈکٹس کی براہ راست پروڈکشن اور نشر و اشاعت کرتا ہے بلکہ متعلقہ پروڈکشز میں بھی حصہ لیتا ہے اور مختلف فارمیٹس میں امام رضا(ع) سے متعلق میڈیا مواد کی تیاری کو بھی فروغ دیتا ہے۔

سینکڑوں میڈیا پرسنز اور پروفیشنلز کے ہزاروں کی تعداد میں میڈیا کاموں کے ساتھ امام رضا(ع) میڈیا فیسٹیول کے چار ایڈیشنز کا انعقاد اور اسی طرح ملک بھر میں خدمت گزاروں کے لئے سروس میڈیا فیسٹیول کا پہلا ایڈیشن بھی انہی اقدامات میں شامل ہے۔

## «اعلیٰ معیار کی بصری پروڈکشن»

حالیہ چند برسوں میں امام رضا(ع) کے موضوع پر اعلیٰ معیار کی ٹی وی دستاویزی اور سینمائی فلموں،ڈراموں،ٹیزرز کی پروڈکشن اور نشر و اشاعت میں حصہ لینے پر خصوصی توجہ دی گئی ہے ،دستاویزی فلمیں جیسے ''اِستان جانان، خدمتی از عہدِ پسندیدہ تر، تجلی، ہم قدم ، سمت اقیانوس، دارالشفاء، رواق خدمت اور ٹی وی کے سیریز ڈراموں ''گرہ''، ''نذر''، ''روزی روزگاری برادر'' سمیت ٹیزر اور شارٹ مووِیز کی پروڈکشن حالیہ چند سالوں کی پروڈکشن کے جملہ مواردہیں۔

## «بچوں اور نوجوانوں کے لئے خصوصی پروڈکشن»

حرم امام رضا(ع) کے میڈیا میدان میں بچوں اور نوجوانوں کو بھی نظر انداز نہیں کیا گیا؛بچوں اور نوجوانوں کے لئے خصوصی ورچوئل پیجز بنائے گئے ہیں،اس عمر کے تمام افراد کے لئے ملٹی میڈیا مصنوعات مسلسل تیار کی جا رہی ہیں،ان کے لئے مختلف مقابلوں کا انعقاد اور سوشل اینڈ میڈیا مہمات کا انعقاد کیا جاتا ہے جنہیں ملک بھر کے بچوں اور نوجوانوں کی جانب سے بہت زیادہ پسند کیا گیا ہے،پہلی بار حرم امام رضا(ع) میں بچوں کے پروگرامز اور ٹیزرز کی پروڈکشن بھی حالیہ چند برسوں میں انجام دی گئی ہے۔

## «رائے عامہ کا جائزہ»

کمیونیکیشن اینڈ میڈیا سینٹر کی اہم سرگرمیوں میں سے ایک یہ ہے کہ سامعین کے ساتھ دوطرفہ تعامل اور رابطہ برقرار کیا جاتا ہے جس کے ذریعہ اِستان قدس رضوی کے سامعین سے ان کی اِراء اور تجاویز و تنقید لی جاتی ہیں،اس سلسلے میں قومی ٹیلی فون سسٹم ۱۳۸ کے ذریعہ چوبیس گھنٹے رائے شماری کے مختلف پراجیکٹس کے ذریعہ روضہ رضوی کے سامعین کی تنقید و تجاویز اور اِراء اکھٹی کرنے کے بعد انہیں متعلقہ اداروں تک پہنچایا جاتا ہے۔

وقتاً فوقتاً رپورٹنگ، کال کرنے والے سوالات، تاثرات اور تجاویز کا جواب دینا اور حرم امام رضا علیہ السلام کے مختلف شعبوں کے لئے پروگرام ترتیب دینے میں نئی حکمت عملیاں بنانا جملہ اقدامات میں سے ہے کہ جنہیں کمیونیکیشن اینڈ میڈیا سینٹر کے شعبہ تعلقات عامہ کے ذریعہ انجام دیا جاتا ہے۔

## «ماحولیاتی اشتہارات اور شہری سجاوٹ»

حضرت امام علی رضا(ع) کی زندگی اور طرز عمل سے اخذ کردہ اشتہاراتی اور میڈیا پیغاماتَ کو حرم امام رضا(ع) کے داخلی راستوں، مشہد مقدس اور ملک بھر کے بڑے شہروں میں کمیونیکیشن اینڈ میڈیا سینٹر کی طرف سے نشر کیا جاتا ہے ،عام طور پر میونسپلٹی کے تعاون سے اوسطاً ۴۰۰ سے زائد بل بورڈز، سٹی برجز، رول اپس اور